لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم


| جلد ۲۸ | مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۲۹ جمادی الاول سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۳ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء | نمبر ۱۴ |
|---|---|---|


## فہرست مضامین

| نمبر صفحہ | خلاصہ مضمون | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱ | اضافہ شفیع احمد خان | ۱ |
| ۲ | مستقلی لالہ رام سروپ | ۲ |
| ۲ | نسبت عہدہ داران گورنمنٹ | ۳ |
| ۲ | اضافہ منشی حبیب الرحمن خان | ۴ |
| ۲ | تقرر ڈاکٹر عبد الغنی صاحب | ۵ |
| ۲ | بابت داخلہ ایچ دو کینیو سمیع نوشتگیتی | ۶ |
| ۲ | تقرر بابو کشن بہادر سریواستو | ۷ |
| ۲ و ۳ | جرمانہ بر عہدہ دار تحصیل | ۸ |
| ۳ | بحالی عتیق الرحمن خان | ۹ |
| ۳ | تقسیم پیشانی روبکار | ۱۰ |
| ضمیمہ | نرخ نامہ اجناس | ۱۱ |

## ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

### اضافہ

۲۳ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

حسب استدعا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر شفیع احمد خان پیشکار صدر شفاخانہ مشاہرہ واحد پچیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

## مستقلی

۲۵ - مارچ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ اسسٹنٹ انجینیر صاحب بہادر لالہ رام سروپ کلرک متعینہ دفتر انگریزی بشاہرہ و تیس روپیہ ماہوار ملازم غیر مستقل بوجہ انقضائے میعاد و حسن انجام خدمات بشاہرۂ مذکورہ ۲۲ - مارچ ۱۹۱۶ء سے مستقل مقرر فرمایا گیا۔

## حکم محکمۂ عالیہ دار الانشاء اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ - مارچ ۱۹۱۶ء

ثبتہ رپورٹ ماتا پرشاد نمبری مورخہ ۲۰ - مارچ ۱۹۱۶ء

بمقدمہ اعلان کرائے جانے حکم اندراج اسلحہ پنشنداران گورنمنٹ ساکنان ریاست در رجسٹر دار الانشاء و ہدایت بہ پولیس نسبت گرانی پنشنداران گورنمنٹ کے پاس جسقدر اسلحہ ہوں انکا اندراج دار الانشاء میں ہونا لازمی ہے۔ بلا اندراج وہ ان اسلحہ سے مستثنے شمار ہونگے ایک نقل حکم ہذا کی بتوسط اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر پاس صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اور ایک بغرض اعلان عام مطبع کو مرسل ہو۔

## ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## اضافہ

۲۹ - مارچ ۱۹۱۶ء

حسب التماس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر منشی حبیب الرحمن خان اسسٹنٹ افسر کارخانہ جات کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

## تقرر

۲۹ - مارچ ۱۹۱۶ء

بربناء تحریر انچارج اسسٹنٹ سرجن حسب استدعا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر تقرر ڈاکٹر عبد الغنی بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار بجائے محمد حسین ہاسپٹل اسسٹنٹ متعینہ سٹی برانچ ڈسپنسری موقوف شدہ منظور فرمایا گیا۔

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۲ - مارچ ۱۹۱۶ء

کمیٹی کا نوٹ مفصل و مناسب ہے۔ جس طرح کہ علاقہ قدیم کے اور داخل خارج ہوتے ہیں اسیطرح دوگن پور توفیریابان کے حصص کے بھی داخل خارج ہوتے رہنا چاہییں فیس وغیرہ کی تمام کارروائی مثل کارروائی داخل خارج معافیات علاقہ قدیم ہوتی رہنا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی تعمیلاً نظامت و بندوبست تحصیل ملک و شاہ آباد کو بھیجی جائے۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

## نوٹ جلسہ کمیٹی ۸ - مارچ ۱۹۱۶ء

کمیٹی نے اس معاملہ میں غور کیا موضع دوگنپور علاقہ قدیم کا موضع ہے اور یہ ایک خاص صورت ہے کہ بحکم نواب سلف اس موضع میں اہل سپاہ بطور گذارہ بحساب حصہ حصہ چلا آتا ہے۔ اور اس استحقاق کے لحاظ سے حصہ کشی اور کھوٹ وغیرہ ترتیب ہوتے ہیں حصہ کشی اور کھوٹ کی ترتیب ضروری اور لازمی خصوص اس سبب سے ہے کہ فصل ۱۳۲۲ سے زیر توفیری تقسیم طرز عمل یہ رکھا گیا ہے کہ گاؤں مستاجرانہ ٹھیکا ہے۔ اور توفیر بحساب

وصہ وغیرہ یافتنی حصہ داران خزانہ سے بالکل نقد تقسیم ہوتی ہو پس اگر حصہ کشی صحیح مرتب ہوا کرے گی تو سالانہ حصص داران کی اسم نویسی بقید مقدار زر یافتنی کیونکر مرتب ہوگی۔ اس فیس بابت اس امر پر ہو کہ پیشتر بحالت انتقال کسی حصہ دار کے فیس اخراج لیا جاتا ہو۔ کچھ عرصہ سے یہ طریقہ مسدود ہوگیا ہو۔ کیونکہ حکام نے حصہ داران کے حقوق مالکانہ نہیں مانے ہیں بلکہ پرورش انکو گذارہ ملنا قرار دیا ہو۔ اسی سلسلہ میں عام اختیارات رہن و بیع کے مسدود کئے گئے ہیں کمیٹی کو اس معاملہ میں یہ ظاہر کرنے کی ضرورت ہو کہ جب حصہ دار کے فوتی اور وارث کے قایم مقامی کی بابت اندراج کی ضرورت باغراض تقسیم تو فیر مسلہ ضروری ہو تو عملی کارروائی تکمیل داخل خارج کی ضرور کرنا پڑیگی اور اندراج نام ہی بنفاذ حکم صاحب ہوگا جسکی مثل داخل خارج مرتب ہونا لازمی امر ہو۔ پھر ایسی صورت میں فیس کا نہ لیا جانا صرف اسیقدر امر پابندی ضابطہ سے خلاف کیون رکھا جائے۔ البتہ اس موقع پر یہ امر قابل نظر ہے کہ یہ موضع علاقہ قدیم کا ہو لہذا جو پابندی قانونی داخل خارج کی علاقہ قدیم میں کرتی ہو وہ ہونا چاہیے علاقہ قدیم میں اکثر و بیشتر معافیات حصہ جات متعدد شرائط کے ساتھ ہیں اور ہر قسم سے مشروط ہیں لیکن داخل خارج کے عملی کارروائی حسب قواعد علاقہ قدیم میں ساکت نہیں ہو۔ پس ان واقعات سے کمیٹی کی راے ہو کہ اس موضع میں بھی داخل خارج حصہ داران کی کارروائی مثل علاقہ قدیم کے جاری رکھی جائے۔ اور جو طرز عمل و وصول فیس وغیرہ و تکملہ داخل خارج کا علاقہ قدیم میں مروج ہو وہ اس موضع کے لئے اختیار کیا جائے۔ کاغذات باجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر پیش ہون۔

[illegible]

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
## واقع ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

مثبتہ تحریر منیجر صاحب بہادر اسٹیٹ فیکٹریز در بارہ اجرای احکام تقرر بابو کشن بہادر سریواستو بعہدہ ہیڈ ایکاؤنٹنٹ اسٹیٹ فیکٹریز بمشاہرہ یکصد روپیہ ماہوار و سٹھ روپیہ ماہوار الاونس جہت تکمیل و جانچ و درستی حسابات اسٹیٹ فیکٹریز از تاریخ کارکردگی ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء و دیے جانے رخصت دو ماہ بوضع تنخواہ بماہ جنوری و فروری و اپریل حسب درخواست مشار الیہ بموجب منظوری اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مشمولہ کاغذات

حسب حکم ہوا کہ

بمشارحکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۲۴ جنوری ۱۹۱۶ء احکام تقرر کشن بہادر سریواستو ہیڈ ایکاؤنٹنٹ جاری ہون۔ تاریخ کارکردگی یعنی ۱۰ مارچ سے تنخواہ دیجائیگی۔

[illegible]

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
## واقع ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

بملاحظہ رپورٹ تحصیلدار شاہ آباد در بارہ پیشی جواب اسمعیل خان جمعدار تحصیلدار سوار متبدلہ تحصیل شاہ آباد بنسبت عدم داخل کرنے پیٹی چپراس تلوار علی حسین سپاہی تحصیل سوار سے وگرفتاری لوازمات مذکورہ بر اسٹیشن ریلوے شاہجہانپور۔

جمعدار کا فرض ہو کہ جب کوئی چپراسی سپاہی رخصت پر جائے۔ عام اسسے کہ وہ رخصت کتنے ہی دن کی ہو لوازمات سرکاری اُس سے حاصل کرلیا کرے چونکہ اس سپاہی سے لوازمات سرکاری پیٹی تلوار چپراس لی نہیں گئی اور اب یہ حیلہ کیا جاتا ہو کہ کوٹھری اُسکی بند تھی۔ لہذا اس جمعدار پر

جار آنے جرمانہ کیا جاتا ہے۔ تاکہ آئندہ کیواسطے تنبیہ ہوجائے۔ احکام وضعات جرمانہ جاری ہون۔ ایک ایک نقل اسکی جابجا تحصیلات بندوبست ونظامت وآبکاری وغیرہ وغیرہ کو بھیجی جائے تاکہ آئندہ احتیاط رہے۔

## مختص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

### اضافہ

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ جیلر صاحب وسفارش سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل بانکی بہادر تنخواہ جیلدار جیل کی تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

## حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر واقع ۲۸ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

نسبت تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر دربارہ ارشاد بندگان عالی دام اقبالہم وحکم بابت تبادلہ پیر شفیق الرحمن خان از کمیٹی ذات خاص۔

عتیق الرحمن خان اہلمد کمیٹی ذات خاص وحکیم ظہیر الحسن محرر باغات کا باہمی تبادلہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ بوقت جاری ہون۔

## تصحیح

گزٹ نمبر ۱۳ مطبوعہ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء کے صفحہ ۲ کالم ۲ پیشانی روبکار مین لفظ (ریونیو) کی بجائے لفظ (جوڈیشل) صحیح متصور ہو۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

# نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ مارچ لغایت یکم اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۸ سار | | ۷ سار | ۸ سار | ۷ سار | ۸ سار | |
| نخود خالص | ۱۱ سار | | ۱۱ سار | ۱۱ سار | ۱۰ سار | ۱۱ سار | |
| نخود کسہ آمیز | ۱۱ سار | | ۱۲ سار | ۱۱ سار | ۱۰٫۱۰ سار | ۱۳ سار | |
| کسہ | ۰ | | ۱۳ سار | ۱۱ سار | ۱۱ سار | ۱۳٫۰ سار | |
| ماش | ۸ سار | | ۸ سار | ۸ سار | ۸٫۷ سار | ۸ سار | |
| مونگ | ۸٫۰ سار | | ۸ سار | ۷٫۰ سار | ۷٫۰ سار | ۷٫۰ سار | |
| مکئی | ۱۷ سار | | ۱۷ سار | ۱۷٫۰ سار | ۱۹ سار | ۱۶ سار | |
| جئی | ۱۱ سار | | ۱۲ سار | ۱۴ سار | ۱۳ سار | ۱۳ سار | |
| گوجئی | | | ۱۰ سار | ۱۲ سار | ۱۲ سار | ۱۰٫۰ سار | |
| مسور | ۹٫۰ سار | | ۱۲٫۰ سار | ۱۱ سار | ۱۰ سار | ۱۰ سار | |
| ارہر | ۱۱ سار | | ۱۲٫۰ سار | ۱۰ سار | ۱۰ سار | ۰ | |
| برنج | ۶ سار | | [illegible] | ۷ سار | ۶٫۰ سار | ۷ سار | |
| روغن زرد | ۰٫۱۱۱ سار | | ۳ سار | ۳ سار | ۳ سار | ۰٫۱۱۱ سار | |
| روغن سیاہ | ۲٫۰ سار | | ۲ سار | ۲ سار | ۲٫۰ سار | ۳ سار | |
| روغن کنجد | ۱ سار | | ۲٫۰ سار | ۱٫۱ سار | ۲٫۰ سار | ۱٫۰۱ سار | |
| نمک سانبھر | ۱۰ سار | | ۱۲ سار | ۶٫۰ سار | ۱۲ سار | ۱۳ سار | |
| نمک لاہوری | ۰ | | ۱۱ سار | ۱۳ سار | ۱۰ سار | ۱۳ سار | |
| قند سیاہ | ۶ سار | | ۵ سار | ۸ سار | ۵٫۰ سار | ۶ سار | |
| باجرہ | ۱۲ سار | | ۱۱ سار | ۱۲ سار | ۱۲ سار | ۰ | |

مطبوعہ پریس ریاست رامپور